20/09/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امن اور استحکام ، جذبہ

اتحاد اور مشترکہ اہداف سے بھارت ترقی کے نئے منازل طے کر سکتا ہے۔ ؏

سرینگر میں بھارتیہ بھاشا سمیتی کے اشتراک سے ہندی پکھواڑہ کے سلسلے میں NIT ” بھارتی زبانوں کے انضمام“کے موضوع پر منعقدہ ایک قومی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ بھارت کا لِسانی تنوع اس ملک کی عظمت کی عکاسی کرتا ہے ۔

....

کے ڈائریکٹر پروفیسربِنود کمار کنوجیا، ادارے کے رجسٹرار پروفیسر عتیق NIT سمینار میں الرحمان کے علاوہ دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

اس موقعے پر آٹھ متقدر شخصیات کو بھارتیہ بھاشا سمان 2025سے نواز ا گیا ۔ ان میں آکاشوانی سرینگر کے سینئر پروگرام ایگزیکٹو ڈاکٹر ستیش وِمل بھی شامل ہیں۔

وزیر اعلیٰ

وزیر علیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ جموں کشمیر سرکار نے کشمیر وادی سے میوہ

جات بر آمد کرنے کیلئے درکار ٹرکوں کو کام پرلگا دیا ہے ۔ ؏

دریں اثناوزیر اعلیٰ نے ایک میٹنگ میں محکمہ صنعت و حرفت کی وساطت سے روزگار کے وسائل پیدا کرنے ،سٹارٹ اپس قائم کرنے ، دستکاروں کی بہبودی اور صنعتی سرمایہ کاری سے متعلق مختلف امورات کا جائزہ لیا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ادھمپور میں قومی شاہراہ کے تھاڈ علاقے میں متاثرہ حصوں کا دورہ کرکے وہاں جاری کاموں کا جائزہ لیا۔

انہوںنے افسران کو ہدایت دی کہ وہ عوامی سہولت کی خاطر شاہراہ کی بحالی کے عمل کو تیز کرنے کی خاطر ڈبل شفٹ میں کام کریں ۔نائب وزیر اعلیٰ نے شاہراہ پر درماندہ گاڑیوں کو فوری طور پرروانگی کیلئے آسانی فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلونے بین محکمہ جاتی کارڈنیشن اجلاس کے دوران یو ٹی میں کھانے پینے کی چیزوں کے محفوظ ہونے کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ زیادہ رسک والے کھانے کی مصنوعات کے معائینے کیلئے فلائنگ اسکارڈ اچانک معائینہ کیا کریں گے۔

یہ جائزہ میٹنگ یوٹی میں حالیہ دنوں میں نا قص گوشت اور دودھ کی ضبطی کے تناظرمینمنعقد ہوئی۔

GST

اصلاحات کی رو سے روزمرہ کے استعمال کی بیشتر چیزوں GST مرکزی سرکار نے جدید کی شرحوں کو کم کیا گیا ہے، جس GST مکمل طور ہٹایا ہے جبکہ کئی دیگرکئی اشیاءپرGSTپر کاعوامی حلقوں میں وسیع خیر مقدم کیا جارہاہے ۔

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سیکریٹری جنرل فیض بخشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

کشتواڑ

کشتواڑ ضلع میں فوج اور ملی ٹینٹوں کے درمیان کل دیر شام ایک جھڑپ شروع ہو گئی ہے۔

فوج کی وائٹ نائٹ کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا ہے کہ خفیہ اطلاعات کی بناءپر چوکس اہلکاروں مشتبہ جگہ کو گھیرے میں لیا جس کے بعد طرفین کے ما بین گولیانکا تبادلہ شروع ہو گیا۔

اطلاع

بھارتی حج کمیٹی کی ایک اطلاع کے مطابق ان حاجی صاحبان کے بینک کھاتوں میں 9ہزار772کی رقم جمع کرائی جائے گی جو سال 2022میں حج کمیٹی آف انڈیا کے تحت سفر محمودپر گئے تھے۔

البتہ اس کیلئے متعلقہ حاجی صاحبان کو کوئی دستاویز پیش کرنے یا حج ہاؤس جانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔

اروند

جموں کشمیر کے ریلیف کمشنر اروند کاروانی نے ہندواڑہ کے نطنوسہ اور کولنگام علاقوں کا دورہ کرکے وہانمائیگرنٹوں کیلئے زیر تعمیرعارضی اقامتی سہولیات کے پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

انہوں نے متعلقہ افسروں سے ان پروجیکٹوں کی اب تک کی پیشرفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

ایشیا کپ

بھارت نے ابو ظہبی میں کھیلے گئے ایشیا کپ کے گرو پ اے کے آخری لیگ میچ میں اومان کو 21رنوں سے ہر ا دیا ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 8وکٹوں پر 188رن بنائے۔جواب میں اومان کی ٹیم مقررہ بیس اورس میں 4وکٹوں کے نقصان پر محض167رن اسکو ر کر سکی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ